[This question paper contains 3 printed pages.]

Sr. No. of Question Paper : 2398 **F–I** **Your Roll No...............**

Name of the Paper : Paper V – URDU 'B' (A-115)

Name of the Course : **B.Com. / I**

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 100

Instructions for Candidates

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

س1۔ ذیل میں سے ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔ **(25)**

(الف)

میاں آزاد خانہ برباد یہاں بستر جمانے یا کسی مکان کا قبالہ لکھوانے تو آئے تھے نہیں۔ راہ راہ آئے دو تین دن رہے۔ چلے گئے لکھنؤ کے اسٹیشن پر پہنچے تو وہ چہل پہل، وہ بھیڑ بھڑکا۔ وہ دھکم دھکا کہ شانہ سے شانہ چھلتا تھا برہمن دیوتا ڈول لئے کھٹ کھٹاتے چلے جاتے ہیں۔ ''جل ٹھنڈا'' کٹورا الگ کھٹک رہا ہے۔ میاں بہشتا مشک یا مشکیزہ لئے ہوئے چہل قدمی کر رہے ہیں۔ ایک سمت ساقی دو سیر خمیرہ بھر کر گڑگڑی لئے گڑگڑا رہا ہے۔ وہ مشک بو کے دماغ طبلہ عطار ہو جائے۔ پسینہ پھینکا اور حقہ لیا۔ ادھر میاں بہشتا نے تازہ کر دیا اور ساقی نے چلم تیار کی۔ دھواں دھار اڑانے لگے۔

(ب)

لوگوں نے اوّل سے آخر تک قوم کی شاہراہ سے سرمو انحراف نہیں کیا اور جس چال سے کہ اگلوں نے راہ طے کی تھی اُسی چال سے تمام رشتہ طے کیا ہے۔ مرزا نے اوّل شاہراہ کا رخ چھوڑ کر دوسرے رخ چلنا اختیار کیا اور جب راہ کی مشکلات نے مجبور کیا تو اُن کو بھی آخر اُسی رخ پر چلنا پڑا مگر جس لیک پر قافلہ جا رہا تھا اس کے سوا ایک اور لیک اُسی کے متوازی اپنے لئے نکالی اور جس چال پر اور لوگ چل رہے تھے اسی چال کو چھوڑ کر دوسری چال اختیار کی۔

P.T.O.

س2۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔ (25)

(الف)

جنوں نے تماشا بنایا ہمیں رہا دیکھ اپنا پرایا ہمیں

سینہ و دل حسرتوں سے چھا گیا بس ہجوم یاس جی گھبرا گیا

تہمتیں چند اپنے ذمے دھر چلے جس لئے آئے تھے سو ہم کر چلے

ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

دیدۂ حیراں نے تماشا کیا دیر تلک وہ مجھے دیکھا کیا

(ب)

سورج نے جاتے جاتے شامِ سیہ قبا کو طشتِ افق سے لے کر لالے کے پھول مارے

پہنا دیا شفق نے سونے کا سارا زیور قدرت نے اپنے گہنے چاندی کے سب اتارے

محمل میں خاموشی کے لیلائے ظلمت آئی چمکے عروس شب کے موتی وہ پیارے پیارے

او دور رہنے والے ہنگامۂ جہاں سے کہتا ہے جس کو انساں اپنی زباں میں تارے

محوِ فلک فروزی تھی انجمن فلک کی عرشِ بریں سے آئی آواز اک ملک کی

س3۔ آپ تجارت کے سلسلے میں امریکہ جانا چاہتے ہیں۔ وزارتِ خارجہ کے نام تجارتی ویزا حاصل کرنے کے لئے ایک درخواست لکھیے۔ (20)

یا

بینک منیجر سے کمپنی کے لئے لاکر حاصل کرنے کی شرائط معلوم کیجیے۔

س4۔ ذیل کی اصطلاحات میں سے اس کے اردو متبادل لکھیے۔ (20)

Comparison	Components
Component	Consignor
Competition	Consolidated
Contribution	Container
Contraprice	Consumer
Contractor	Convenier
Consumer Motivation	Control Price
Co-operation	Contingency

س5۔ ذیل میں سے صرف 5 کے معنی لکھ کر محاوروں میں استعمال کیجیے۔ (10)

ایک پنتھ دو کاج ۔ آسمان پر دماغ ہونا ۔ بال کی کھال نکالنا

جان میں جان آنا ۔ ایک انار سو بیمار ۔ اونچی دوکان پھیکے پکوان

مٹھی گرم کرنا ۔ زخم پر نمک چھڑکنا ۔ دانت کھٹے کرنا

عقل پر پتھر پڑنا